میٹرک سالانہ امتحان 2015ء درج ذیل نکات کے مطابق ہوگا۔

1۔ میٹرک سالانہ امتحان 2015ء جماعت نہم اور جماعت دہم میں جملہ پریکٹیکلز کے حامل مضامین کا امتحان نیو سکیم کے تحت یعنی تھیوری سوالیہ پرچہ کے ہمراہ پریکٹیکل کا سوال بھی شامل ہوگا۔

2۔ پریکٹیکل میں اولڈ سکیم کے لیے صرف سیشن 2013-2011 کا سوالیہ پرچہ پرنٹ ہوگا۔

3۔ میٹرک جماعت نہم و دہم میں (1) اسلامیات (لازمی) (2) مطالعہ پاکستان (3) اخلاقیات کے سوالیہ پرچہ جات، نیو سکیم کے تحت دونوں پارٹس میں الگ الگ ہونگے جبکہ اولڈ سکیم میں اسلامیات (لازمی)، اخلاقیات کلاس نہم میں 75 نمبر اور مطالعہ پاکستان کلاس دہم میں 75 نمبر کا پرچہ ہوگا۔

4۔ میٹرک سالانہ امتحان 2015 میں دونوں پارٹس کا فریش، سابق میں میٹرک کا امتحان دینے کے بعد تمام مضامین میں فیل Fail as a Whole ہونے کے بعد، درس نظامی/شہادت العامہ کے بعد میٹرک کرنے والے ایڈیشنل مضامین کا امتحان دینے والے امیدواران نیو کورس/نیو سکیم کے تحت امتحان دیں گے اس بابت تشہیر شعبہ میٹنگ عمل میں لائے گا۔

5۔ میٹرک سالانہ امتحان 2015ء میں صرف مارکس امپروو اور ایک یا دو مضامین میں Re-appear ہونے والے امیدواران نے جس سکیم کے تحت پہلے امتحان دیا ہے وہ اسی سکیم کے تحت امتحان دیں گے۔ تاہم جن امیدواران نے میٹرک سالانہ امتحان 2013ء میں نہم کا امتحان پاس کر لیا تھا اور سالانہ امتحان 2014ء میں شرکت نہیں کر سکے اور وہ میٹرک سالانہ امتحان 2015 میں دہم کے امتحان میں شرکت کر رہے ہیں تو وہ بھی سیشن 2014-2012ء کے تحت امتحان دیں گے۔

6۔ میٹرک سالانہ امتحان 2015ء میں صرف مارکس امپروو اور Reappear امیدواران (سکیم آف سٹڈیز 1050) اور سکیم آف سٹڈیز 1100 والے امیدواران کے رولنمبر ز کی الاٹمنٹ الگ الگ ہوگی نیز اولڈ سکیم سیشن 2013-2011ء اور نیو سکیم سیشن 2014-2012ء کے امیدواران کو امتحانی سنٹرز/لیبارٹریز تحصیل سطح پر الاٹ کیے جائیں گے اور گروپ بھی سیکنڈ الاٹ کیا جائے گا۔

7۔ میٹرک سالانہ امتحان 2015ء میں صرف دہم کا پہلی بار ریگولر یا پرائیویٹ امتحان دینے والے امیدواران اردو، انگریزی، ہوم اکنامکس کا پرچہ سیشن 2015-2013ء والی کتاب سے دیں گے

8۔ جماعت نہم کے سالانہ امتحان 2016ء کے تھیوری کے سوالیہ پرچہ جات میں سے پریکٹیکل والا حصہ حذف کر دیا جائے گا اور یہ سکیم سیشن 2017-2015ء سے شروع ہونے کی توقع ہے۔